
اپنے کاروبار سے رسک کا خاتمہ کریں...



# کاروبار محافظ

بزنس پروٹیکشن پلان

Soneri Bancassurance

**Your future in safe hands**

Jubilee LIFE INSURANCE

Soneri Bank

24/7 Call Centre: 0800-00500 | www.soneribank.com

## کاروبار محافظ (سنگل/ جوائنٹ لائف)

آج کل کاروبار میں تیزی سے تبدیلی آتی رہتی ہے۔ٹیکنالوجی میں مسلسل تبدیلیوں کے باعث مارکیٹ میں ترقی کرنے کے لئے اپنے کاروبار کوٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا وقت کا تقاضا ہے۔اپنے بزنس کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے۔کاروباری حضرات کو ایسے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جوبلی لائف کی طرف سے ایک ایسا پلان ترتیب دیا گیا ہے جسکے ذریعے مشکل حالات میں بھی کاروبار ٹھیک سے چلایا جاسکتا ہے۔
یہ پلان خاص طور سے اس لئے بنایا گیا ہے تاکہ آپ متواتر رقم جمع کرسکیں اور آپکی اور آپکے خاندان کی ناگہانی وقت جیسا کہ کاروبار چلانے والے شخص کی موت میں بھی حفاظت ہوسکے۔

## کون خرید سکتا ہے؟

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور اداروں کے لئے اور انکے استحکام کے لئے یہ پلان لیا جاسکتا ہے۔ پروفیشنل پریکٹیشنرز جیسے کہ ڈاکٹرز، ڈینٹسٹ، اکاؤنٹینٹ، قانونی ماہرین، آرکیٹکچرز، انجینئر وغیرہ بھی اس پلان سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

**آپکی کاروباری ضروریات کے لئے مکمل پلان**

## بزنس جاری رکھنے کا بینیفٹ

آپ اپنا کاروبار قائم کرنے کے لئے اپنا دل وجان وقف کرتے ہیں۔اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپکا بزنس غیر محفوظ نہ رہے اور آپکی خواہش کے مطابق ترقی کرتا رہے یہ پلان آپکو بزنس جاری رکھنے کا بینیفٹ فراہم کرتا ہے جسکے تحت آپکے جانشین کو سم ایشورڈ یا یکمشت کیش ویلیو (جو بھی زائد ہو) حاصل ہوگی تاکہ آپکی غیر موجودگی میں بھی آپکے کاروبار کی مناسب دیکھ بھال ہوسکے۔
اپنا سم ایشورڈ معلوم کرنے کے لئے اپنے سالانہ بنیادی پریمیم کو اپنی مالی ضرورت پر منحصر کور ملٹپل (5 سے 25 تک)* سے ضرب دے سکتے ہیں۔مثلاً اگر آپکا بنیادی سالانہ پریمیم 100,000 روپے ہے اور آپکا منتخب کردہ کور ملٹپل 10 ہے تو آپکا سم ایشورڈ 1,000,000 روپے ہوگا۔

* پالیسی ہولڈر کی دستیاب کور ملٹپلز کی رینج بیمہ شدہ شخص کی عمر کے لحاظ سے تبدیل ہوسکتی ہے۔

نوٹ:- اپنی کاروباری ضروریات کے مطابق بہترین کوریج منتخب کرنے کے لئے آپ قریبی سونیری بینک برانچ پر ہمارے نمائندے سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

## تکمیلی فائدہ

پلان کی تکمیل پر پالیسی ہولڈر کو کیش ویلیو کی یکمشت ادائیگی کی جاتی ہے۔

## جوائنٹ لائف کوریج

کاروبار محافظ آپکو سہولت دیتا ہے کہ آپ جوائنٹ لائف کوریج کا انتخاب کرسکیں جو نہ صرف آپکو بلکہ آپکے بزنس پارٹنر/ خاندان کے افراد کو بھی اس پلان کے تحت بیمہ کی سہولت فراہم کرتا ہے۔دو زندگیوں میں سے پہلی کی موت پر

بزنس جاری رکھنے کا بینیفٹ ادا کیا جاتا ہے۔

## پلان میں بہتری

یہ پلان خاص طور سے آپکے مستقبل اور حال کی کاروباری ضروریات کے حل کے لئے بنایا گیا ہے تاکہ آپ اپنا کاروبار سکون سے جاری رکھ سکیں۔
کاروبار محافظ (سنگل لائف) کو مندرجہ ذیل فوائد میں سے انتخاب کر کے بہتر بنایا جاسکتا ہے تاکہ آپ اور آپکے کاروبار کی حادثات سے حفاظت ہو سکے اور ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

## خاندانی اخراجات کے لئے ایڈوانس بینیفٹ

آپکے چاہنے والے آگے بڑھنے کے لئے آپکی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ آپ محنت کریں اور خوش رہیں۔ اس بینیفٹ کے تحت آپکے خاندان کو آپکی غیر موجودگی میں روزانہ کے اخراجات پورے کرنے کے لئے ایک مخصوص مدت تک متواتر رقم دی جاتی ہے۔

## ہاسپٹلائزیشن اخراجات

طبی اخراجات آپکو اور آپکے خاندان کو شدید مالی دباؤ میں ڈال سکتے ہیں۔ بیمہ شدہ شخص کے اسپتال میں داخلے کی صورت میں طبی اخراجات پورے کرنے کے لئے یومیہ بینیفٹ دیا جاتا ہے۔ پیچیدہ بیماریوں کی صورت میں یہ فائدہ دگنا ہو جاتا ہے۔ انتہائی نگہداشت کے شعبے میں داخلے کی صورت میں اضافی 50% یومیہ ہاسپٹلائزیشن بینیفٹ دیا جاتا ہے۔

## پیچیدہ بیماریوں سے بچاؤ

یہ بینیفٹ آپکی اس وقت مدد کرتا ہے جب بیمہ شدہ شخص کو پیچیدہ بیماریوں میں سے کسی بیماری کی تشخیص ہو جائے۔ اس بینیفٹ کے ذریعے ناگہانی موت کی صورت میں مشکل حالات میں اخراجات کی ادائیگی کے لئے سم ایشورڈ جتنی اضافی ادائیگی ہوگی۔

## حادثاتی موت یا معذوری

کبھی سوچا ہے کہ آپکے بزنس کا کیا ہوگا اگر آپکی موت کسی جان لیوا حادثے کے نتیجے میں واقع ہو یا آپ اتنے معذور ہو جائیں کہ اپنے کاروبار کی دیکھ بھال نہ کر سکیں؟ اس پلان میں آپکی ان تمام پریشانیوں کا حل ہے کیونکہ یہ پلان آپکو ایسے ناگہانی حادثات سے بچنے کے لئے اضافی رقم ادا کرتا ہے۔

## پریمیم کی چھوٹ

اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے چھ ماہ سے اپنے کاروبار کو وقت نہیں دے پا رہے تو آپکے کاروبار محافظ پریمیم کی اگلی ادائیگی جوبلی لائف کرے گی تاکہ ادائیگی میں کوئی رکاوٹ نہ ہو اور آپکی کیش ویلیو بڑھتی رہے۔
کاروبار محافظ (جوائنٹ لائف) کو مندرجہ ذیل اختیاری فوائد سے بہتر کیا جاسکتا ہے۔

☆ حادثاتی موت اور معذوری (ایک یا دونوں زندگیوں کے لئے)

☆ پریمیم کی چھوٹ

## آپکی انویسٹمنٹ کی تقسیم کاری

کاروبار محافظ ایک پارٹنر کے طور پر آپکی مدد کرتا ہے کہ آپ چار مختلف آپشنز میں بچت کر سکیں۔ آپ اپنی سرمایہ کاری کی ضرورت کے مطابق اپنا سرمایہ کسی ایک فنڈ میں لگا سکتے ہیں۔
آپ اپنی سرمایہ کاری کی حکمت عملی اور فنڈز کی کارکردگی کی مناسبت سے فنڈز کے بیچ سوئچ کر سکتے ہیں۔ ہر پالیسی سال آپ چار مفت سوئچ کر سکتے ہیں۔

## دستیاب فنڈز

| | |
|---|---|
| اس فنڈ کا مقصد حصص، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش ڈپازٹس کے وسیع انتخاب میں متوازن سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا ہے۔ | مینجڈ فنڈ |
| اس فنڈ کا مقصد ان سرمایہ کاروں کو بلاسود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینکوں کے مختصر معیار کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینکوں کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کارآمد بلاسود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔ | میثاق فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ کا مقصد ان سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے جو مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ | یقین گروتھ فنڈ |
| اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈر کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جسکے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر مبنی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ جن میں ٹرم فنانس سرٹیفیکیٹس سے بینک ڈپازٹس تک مختلف طریقوں سے سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ | کیپٹل گروتھ فنڈ |

فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں کہ اسکے مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرتی ہو۔

## سرمایہ کاری میں اضافہ

آپکی خواہش ہوتی ہے کہ آپکا کاروبار ترقی کرے۔ اس خواہش کی تکمیل کے لئے آپکو کسی بھی وقت اضافی فنڈز کی سرمایہ کاری درکار ہوتی ہے۔ اس پلان کے تحت آپ اپنے یونٹ اکاؤنٹ کو ایڈہاک ادائیگی سے بڑھا سکتے ہیں۔ یہ سرمایہ اس وقت کی رائج کردہ قیمت پر آپکے یونٹ اکاؤنٹ میں لگایا جائے گا۔

## مہنگائی سے بچاؤ

افراطِ زر کے باعث آپکی آج کی بیمہ رقم چند سال بعد آپکو ایسی حفاظت مہیا نہیں کر سکے گی۔ کاروبار محافظ آپکو مہنگائی کے اثر سے بچانے کے لئے آپکو اپنے پریمیم اور سم ایشورڈ میں اضافے کا آپشن دیتا ہے تاکہ آپکا پلان ترقی کرتا رہے

اور آپ مہنگائی سے محفوظ رہیں۔ آپ کو حق ہے کہ اگر آپ چاہیں تو تجویز کردہ اضافہ کا انتخاب کریں یا اپنی مرضی کے تحت کمتر اضافے کا انتخاب کریں۔

## ہنگامی کیش ریزرو بینیفٹ

اگر کسی مرحلے پر آپ اپنی مالی پوزیشن میں بہتری یا اپنے اہداف حاصل کرنے کے لئے اپنے کاروبار میں پیسہ لگانا چاہتے ہیں تو آپکو کسی بیرونی سرمائے کی ضرورت نہیں۔ اگر آپ نے دوسال مکمل ہونے پر دوسال کا مکمل پریمیم ادا کر رکھا ہو تو کاروبار محافظ آپکو سہولت دیتا ہے کہ آپ جتنی رقم چاہیں نکال سکتے ہیں بشرطیکہ دستبرداری کے بعد پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو 30,000 روپے یا زائد ہو (کمپنی باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد پر نظر ثانی کر سکتی ہے)۔ آپکو لائف انشورنس کور حاصل رہے گا اور آپکے سم ایشورڈ میں جزوی دستبرداری کی رقم جتنی کٹوتی کی جائے گی۔

## پالیسی کی تنسیخ

آپ کی خواہش ہو سکتی ہے کہ آپ اپنی سرمایہ کاری کو طویل دورانیے کے اہداف کے حصول کے لئے استعمال کریں اور پالیسی ختم کر دیں۔ کاروبار محافظ آپکو سہولت دیتا ہے کہ آپ اپنے کاروباری مقاصد کے لئے اپنی کیش ویلیو استعمال کریں اور پالیسی ختم کر دیں بشرطیکہ دوسال مکمل ہو گئے ہوں۔ اگر آپ کاروبار محافظ میں طویل عرصے تک سرمایہ کاری کرتے رہے ہیں تو آپکو زائد کیش ویلیو حاصل ہو گی۔ پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری سے کم کیش ویلیو حاصل ہو گی۔

## مفت تجرباتی دورانیہ:(Free Look Period)

جوبلی لائف آپ کو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے(Free Look Period) کی سہولت پیش کرتی ہے، جس میں آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اگر چاہیں تو پالیسی منسوخ کر دیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی جانب سے تحریری درخواست پر پالیسی ڈاکیومنٹس جاری ہونے کے 14 دن کے اندر واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کے مد میں ہونے والے اخراجات منہا کرلے (اگر کوئی ہو)۔

## ادائیگی کا طریقہ کار

پلان میں داخلے کی عمر: 18 سے 65 سال

کم از کم پریمیئم: 30,000 روپے سالانہ

پلان کی کم از کم مدت: 10 سال

زیادہ سے زیادہ مدت: 57 سال بشرطیکہ تکمیل پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو

## یونٹ ایلوکیشن

منصوبے کے بنیادی پریمیئم کے تناسب سے آپ کے یونٹ اکاؤنٹ کے لئے یونٹ کی خریداری اس طرح ہوگی:

| پالیسی سال | ایلوکیشن (%) |
|---|---|
| 1 | 25% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4اور 5 | 100% |
| ایڈہاک | 100% |

## کنٹینیوٹی بونس

اگر آپ اپنا منصوبہ 5 سال سے زائد جاری رکھتے ہیں، تو اس صورت میں کاروبار محافظ آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں ہر سال اضافی یونٹ جمع کرے گا۔
اضافی یونٹوں کی تقسیم اس طرح ہوگی:

| پالیسی سال | اضافی یونٹس |
|---|---|
| 5اور اس سے زائد | 3% |

ان اضافی یونٹوں کی تقسیم بنیادی یونٹوں کی تقسیم کے علاوہ ہوگی۔

## دیگر چارجز

ابتدائی سالوں میں کم اضافے کے ساتھ درج ذیل ادائیگیاں منصوبہ پر لاگو ہوں گی:

| | |
|---|---|
| بڈ / آفر اسپریڈ | بنیادی اور ایڈہاک پریمیئم کا 5% |
| مینجمنٹ چارج | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| انتظامی معاوضہ | -/55 روپے ماہانہ (کمپنی کی جانب سے نظرثانی شدہ) |
| قابل اطلاق مورٹیلٹی چارجز | |
| اختیاری رائیڈر معاوضہ | اگر کوئی ہو |
| سوئچنگ / ری ڈائریکشن چارج | ہر سال آپ چار مرتبہ سوئچنگ / ری ڈائریکشن بلا معاوضہ کر سکتے ہیں، اگر ایک سال میں چار مرتبہ سے زائد سوئچنگ / ری ڈائریکشن کریں تو آپ کو ہر بار -/500 روپے ادا کرنا ہوں گے۔ |

* کمپنی تمام معاوضوں پر نظرثانی کر سکتی ہے۔

## اعلانات

- اس پلان کے تحت واجب الادا تمام فوائد کا انحصار اس وقت رائج قوانین (مالی یا دیگر) پر ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی سونیری بینک پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- معاہدہ کے اصول وضوابط کی تفصیلات پالیسی دستاویزات میں فراہم کی گئی ہیں۔ یہ بروشر پراڈکٹ کے فوائد کی جنرل آؤٹ لائن فراہم کرتا ہے، اوپر دیے گئے اعداد وشمار صرف مثال کے طور پر دیے گئے ہیں۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپ کو ہمارا سیلز نمائندہ فراہم کرے گا۔ مزید تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط سمجھنے کے لئے السٹریشن میں موجود نوٹس کا مطالعہ کریں۔
- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی تحریر کردہ ہے۔ سونیری بینک یا اس کے متعلقین اس کی ضمانت یا یقین دہانی سے قاصر ہیں اور یہ سونیری بینک کی پراڈکٹ نہیں ہے۔
- سونیری بینک جوبلی لائف کی جانب سے کاروبار محافظ منصوبے کے تقسیم کار کے طور پر کردار ادا کر رہا ہے۔ اور وہ نہ ہی کسی بھی طرح کی ذمہ داری جو کسی شخص، بشمول صارف، مستفید ہونے والے یا کسی فریق کی ذمہ داری کا ذمہ دار ہے۔
- جوبلی لائف انشورنس کمپنی کی اس کی تحریر کردہ ہے اور انشورنس کور فراہم کرنے اور اس سلسلہ میں بیمہ دار/ بیمہ داروں یا فائدے لینے والوں کے کلیم کو نمٹانے کی ذمہ دار ہوگی۔

## رابطے کی تفصیلات

مزید تفصیلات کے لئے آپ رابطہ کر سکتے ہیں


### جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

| | | |
|---|---|---|
| ہیڈ آفس | : | 74/1-A، لالہ زار۔ ایم ٹی خان روڈ کراچی۔ 74000۔ پاکستان |
| فون نمبر | : | (021) 35611071-75, 35611802-08 |
| فیکس | : | (021) 35610959, 34322022 |
| ای میل | : | info@jubileelife.com |
| ویب سائٹ | : | www.jubileelife.com |
| یو اے این | : | 111 111 554 (111 111 JLI) |
| ایس ایم ایس | : | *JLI* پر 8282 |